ورژن 02. از 2021/04/20

r_emiro.Giunta - Prot. 23/04/2021.0390279.U

انسلاک برائے کووڈ-19 کی ٹیکہ کاری کا منظوری فارم: معلوماتی پرچہ

کامرنیٹی (BioNTech/Pfizer)

کامرنیٹی کیا ہے اور یہ کس چیز کیلئے استعمال ہوتا ہے

کامرنیٹی SARS-CoV-2 وائرس کی وجہ سے ہونے والی کووڈ-19 بیماری کو روکنے کے لیے مستعمل ایک دوا ہے۔ کامرنیٹی بالغوں اور 16 سال سے اوپر کی عمر کے جوانوں کو دیا جاتا ہے۔ ٹیکہ مامونیتی نظام (جسم کی قدرتی مدافعت) کو ایسی اینٹی باڈیز اور جسم کے خلیے پیدا کرنے کی ترغیب دیتا ہے جو وائرس کے خلاف، کووڈ-19 بیماری سے بچانے کا کام کرتے ہیں۔ کامرنیٹی میں مامونیت کو تحریک دینے والا وائرس نہیں ہے اور اس وجہ سے اس سے کووڈ-19 کی ترسیل نہیں ہو سکتی ہے۔

آپ کو کامرنیٹی موصول کرنے سے پہلے کیا جاننا ضروری ہے

اگر آپ کو فعال مادے یا اس دوا کے کسی بھی دیگر اجزا (ذیل میں مندرج ہیں) کے تئیں الرجی ہے تو آپ کو کامرنیٹی نہیں دیا جانا چاہیے۔

تنبیہ اور احتیاطی تدابیر

اگر آپ کو درج ذیل امور لاحق ہیں تو آپ کو ٹیکہ دیے جانے سے پہلے ٹیکہ کاری مرکز پر موجود ڈاکٹر یا نگہداشت صحت سے متعلق پیشہ ور فرد سے بات کریں:

- ٹیکے کے کسی دیگر انجیکشن کے بعد یا ماضی میں آپ کو کامرنیٹی دیے جانے کے بعد شدید الرجی زا ردعمل یا تنفس کے مسائل کا سامنا ہوا تھا؛
- انجیکشن کے بعد بیہوشی ہوئی تھی؛
- شدید بیماری یا تیز بخار کے ساتھ انفیکشن ہوا تھا۔ تاہم، اگر آپ کو معمولی بخار یا بالائی ہوا نالی کا انفیکشن (جیسے سردی) ہے تو، آپ اب بھی ٹیکہ کاری موصول کر سکتے ہیں؛
- جریان خون کا مسئلہ، آسان سے خراش پڑ جانا یا خون کا چکتہ بننے کو روکنے کے لیے دوا کا استعمال؛
- کمزور نظام مامونیت، HIV انفیکشن جیسے مرض کے سبب، یا ایسی دوا پر ہیں جو آپ کے نظام مامونیت کو متاثر کرتی ہے، جیسے کارٹیکو اسٹیرائڈز۔

دوسری دوائیں اور کامرنیٹی

اگر آپ کوئی دیگر دوائیں استعمال کر رہے ہیں، حال ہی میں استعمال کی ہیں، یا کر سکتے ہیں ، یا حال ہی میں کوئی دیگر دوا موصول کی ہے تو ٹیکہ کاری مرکز پر موجود ڈاکٹر یا نگہداشت صحت سے متعلق پیشہ ور فرد کو بتائیں۔

حمل اور پستان سے دودھ پلانا

اگر آپ حاملہ ہیں، خیال ہے کہ آپ حاملہ ہو سکتی ہیں یا بچے کو جنم دینے کا منصوبہ بنا رہی ہیں، یا اگر آپ پستان سے دودھ پلا رہی ہیں تو یہ ٹیکہ موصول کرنے سے قبل ڈاکٹر سے مشورہ طلب کریں۔

حاملہ خواتین میں کامرنیٹی کے استعمال کے بارے میں معلومات محدود ہیں۔ حیوانوں میں ہوئے مطالع حمل/مضغہ/جنین کی نشوونما، وضع حمل یا حمل کے بعد نشوونما کے سلسلے میں بلا واسطہ یا بالواسطہ مضر اثرات کی نشاندہی نہیں کرتے ہیں۔ حمل میں کامرنیٹی دیے جانے پر صرف تبھی غور کرنا چاہیے جب امکانی فوائد ماں اور جنین کے لیے کسی امکانی خطرات پر بھاری ہوں۔

تحفظ کی مدت اور ٹیکے کی اثر انگیزی کی تحدیدات

ٹیکے کے ذریعہ پیش کردہ تحفظ کی مدت نامعلوم ہے اور رواں طبی آزمائشوں کے ذریعے اب بھی اس کا تعین کیا جا رہا ہے۔ کسی بھی ٹیکے کی طرح، کامرنیٹی سے ٹیکہ کاری ہو سکتا ہے تمام ٹیکہ وصول کنندگان کا تحفظ نہ کرے۔ ہو سکتا ہے کہ ٹیکے کی دوسری خوراک کے 7 دن بعد تک بھی افراد پوری طرح سے تحفظ یافتہ نہ ہوں۔

لہذا صحت عامہ کے مشورے (ماسک، سماجی دوری قائم رکھنا اور کثرت سے ہاتھ دھونا) کی سختی سے پابندی کرتے رہنا ضروری ہے۔

r_emiro.Giunta - Prot. 23/04/2021.0390279.U

کامرنیٹی کس طرح دیا جاتا ہے

کامرنیٹی کو رقیق بنانے کے بعد اوپری بازو کے عضلہ میں (درون عضلات انجیکشن) دیا جاتا ہے۔ ایک بوسٹر دیا جائے گا اور تجویز کی جاتی ہے کہ ٹیکہ کاری کا دور مکمل کرنے کے لیے پہلی خوراک کے بعد 3 ہفتے پر دوسری خوراک دی جائے (اور کسی بھی حالت میں یہ 42 دن سے زائد نہ ہو)۔

بہت ضروری ہے کہ بہترین مامونیتی ردعمل حاصل کرنے کے لیے آپ دوسری خوراک لیں۔ اگر دوسری خوراک کے لیے آپ کی شیڈول شدہ اپائنٹمنٹ چھوٹ جاتی ہے تو، اپنے ڈاکٹر یا اس ٹیکہ کاری مرکز سے رابطہ کریں جہاں آپ نے پہلی خوراک موصول کی۔

ممنکہ ضمنی اثرات

تمام ٹیکوں کی طرح، کامرنٹیی بھی ضمنی اثرات کا سبب ہوسکتا ہے، حالانکہ ہر شخص ان سے متاثر نہیں ہوتا ہے۔
کافی عمومی ضمنی اثرات (10 افراد میں سے 1 سے زائد پر اثرانداز ہو سکتے ہیں):

- انجیکشن کے مقام پر: درد، سوجن
- تھکان
- سر درد
- عضلہ میں درد
- کپکپی
- جوڑ کا درد
- اسہال
- بخار

عمومی ضمنی اثرات (10 افراد میں سے 1 تک پر اثرانداز ہو سکتے ہیں):

- انجیکشن کی جگہ پر سرخی
- متلی
- الٹی

غیر عمومی ضمنی اثرات (100 افراد میں سے 1 تک پر اثرانداز ہو سکتے ہیں):

- بڑھے ہوئے لمفی غدود
- طبیعت ناساز محسوس ہونا
- بازو میں درد
- بے خوابی
- انجیکشن کے مقام پر خارش
- الرجی زا رد عمل جیسے سرخباد یا خارش

شاذ و نادر ضمنی اثرات (1,000 افراد میں سے 1 تک پر اثرانداز ہو سکتے ہیں):

- عارضی ایک طرف چہرہ مضمحل ہونا
- الرجی زا ردعمل جیسے چھپاکی یا چہرے کی سوجن

نا معلوم (دستیاب ڈیٹا سے اندازہ نہیں لگایا جا سکتا): شدید الرجی زا ردعمل۔

اگر آپ کو کوئی ضمنی اثر ہوتا ہے تو، چاہے اوپر مذکور نہیں ہے، اپنے ڈاکٹر سے بات کریں یا ٹیکہ کاری مرکز سے رابطہ کریں۔

آپ کسی ضمنی اثرات کی رپورٹ براہ راست نیشنل رپورٹنگ سسٹم (https://www.aifa.gov.it/content/segnalazioni-reazioni-avverse) کے ذریعے بھی کر سکتے ہیں۔

کامرنیٹی میں کیا چیز شامل ہے

فعال مادہ کووڈ-19 mRNA ٹیکہ ہے۔

دیگر اجزا ہیں: (ALC-0315) ((4-hydroxybutyl)azanediyl)bis(hexane-6,1-diyl)bis(2-hexyldecanoate)؛ 2-[(polyethylene glycol)-2000]-N,N-ditetradecylacetamide (ALC-0159)؛ 1,2-Distearoyl-sn-glycero-3-phosphocholine (DSPC)؛ کولیسٹرول؛ پوٹاشیم کلورائڈ؛ پوٹاشیم ڈیہائڈروجن فاسفیٹ؛ سوڈیم کلورائڈ؛ سوڈیم فاسفیٹ ڈیہائڈریٹ؛ سکروز؛ انجیکشنوں کے لیے پانی۔